مولانا عبدالقیوم حقانی

تعارف و تبصرہ کتب

ماہنامہ "الرشید" دعوت و تبلیغ نمبر

مدیر مسئول، مولانا عبدالرشید ارشد ــــ صفحات ۱۴۴ ــ قیمت ۱۵ روپے
پتہ ۔ ۲۵ لوئر مال ۔ لاہور

ماہنامہ الرشید ۔ ملک کا معروف دینی اور علمی جریدہ ہے اپنے علمی اور تاریخی خصوصی نمبر مثلاً لعلوم دیوبند نمبر، حضرت مدنی و اقبال نمبر کی اشاعت پر پوری اسلامی دنیا سے خراج تحسین حاصل کر چکا ۔ مولانا عبدالرشید ارشد جیّد عالم معروف صحافی، ادیب اور خطیب ہیں "بیس بڑے مسلمان" ان ہی کی ہکار تالیف ہے، اب کا الرشید کا یہ خصوصی نمبر بھی ان ہی کی محنتوں اور عظیم کاوش کا نتیجہ ہے جو دعوت و غ کے موضوع پر گویا ایک انسائیکلو پیڈیا ہے جس میں ــــ مولانا محمد اشرف سلیمانی مدظلہ کا مضمون 'صدیق ت یوسفؑ' ــــ مکہ مکرمہ سے ایک والد کا اپنی اولاد کے نام فکر انگیز خط' ــــ واردات مشاہدات مدیر دل کے قلم سے مولانا الیاسؒ کے بچپن سے شروع ہونے والی داستان عزیمت' ــــ بارہ باتیں مع تفصیل وضاحت' ــــ مشورہ کے ۲۳ آداب و فضائل' ــــ گشت کے ۱۷ فضائل' ــــ عمومی گشت ۶۲ آداب' ــــ چھ نمبروں کا مفصل بیان' ــــ خصوصی گشت کے ۳۴ آداب' ــــ تعلیمی گشت ۹ آداب' ــــ تعلیم کے ۱۹ فضائل' ــــ تعلیم سننے کے ۱۹ آداب' ــــ تعلیم کرانے کے ۲۱ اب' ــــ مقامی کام کی ترتیب کے ۳۲ اصول' ــــ بیمار کی عیادت کے ۱۰ فضائل ــــ بیمار کی دت کے ۱۵ آداب' ــــ مستورات میں کام کی ترتیب' ــــ اور بہت کچھ آگیا ہے یقین ہے کہ علمی و ی اور تبلیغی حلقے اس کی قدر کریں گے قیمت نہایت ہی معقول ہے۔

اعلیحضرت کے باغی

از مولانا سید محمد سلیم زید مجدہٗ، ــــ صفحات ۲۶۴ ــــ کاغذ و طباعت اعلیٰ
ناشر قاری تصور الحق ۔ مکتبۃ القاسم برمنگھم ۔ انگلینڈ۔

کستان میں ملنے کا پتہ ۔ کتب خانہ رشیدیہ مدینہ مارکیٹ، راجہ بازار راولپنڈی ۔ المکتبۃ المدنیہ ۱۷۔ اردو بازار لاہور بریلوی جماعت کے افکار و نظریات کی خوشنما عمارت بے سر و پا روایات، من گھڑت حکایات اور مفروضات ائم ہے ۔ اسلام کے مسلمہ عقائد اہلسنت والجماعت کے غیر متزلزل افکار اور تصوف کی مقدس قدروں کا اس وہ کے علماء نے قطع و برید کرکے حلیہ بگاڑ دیا ہے ۔ مولانا احمد رضا خان بریلوی اور ان کے نامور علماء کی عبارات کے